Visit of External Affairs Minister to Georgia (July 09-10, 2021)

July 08, 2021

بھارتی وزیر خارجہ کا جارجیا کا دورہ (09-10، 2021)

08 جولائی، 2021

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جیشنکر 9-10 جولائی 2021 کو جارجیا کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ عالی جناب ڈیوڈ زالکالیانی کی دعوت پر سرکاری دورے پر جائیں گے۔ ہندوستانی وزیر خارجہ کا آزاد جارجیا کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔

2۔ اس دورے کے دوران، وزیر خارجہ اپنے ہم منصب سے دوطرفہ ملاقاتیں کریں گے جس میں دوطرفہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کرنے کے ساتھ ساتھ علاقائی اور عالمی مفاد کے امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ اس دورے کے دوران ان کی دوسرے معززین سے بھی ملاقات کی توقع کی جارہی ہے۔

3۔ وزیر خارجہ جارجیا کے سینٹ کوئین کیتاون کے مقدس اوشیش حکومت اور جورجیا کے لوگوں کے حوالے کریں گے۔ وہ تبلیسی شہر میں مہاتما گاندھی کے نئے نصب کردہ مجسمے کی نقاب کشائی بھی کریں گے۔

4۔ اس دورے سے ہندوستان اور جارجیا کے مابین قریبی اور خوشگوار تعلقات کو مزید تقویت ملے گی۔

نئی دہلی

08 جولائی، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.